نمبر: کیسکو پی آر 226

عیدالفطر کی تعطیلات کے دور ان کوئٹہ شہر میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ نہیں کی جائے گی
کوئٹہ شہر سے باہر تمام سٹی اور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز بھی بجلی کی لوڈ شیڈنگ سے مستثنی قرار
صوبہ میں موجود تمام رورل فیڈروں کو پرانے شیڈول کے مطابق بجلی فراہم کی جائے گی

کوئٹہ:19 مارچ 2026ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے عیدالفطر کی تعطیلات کے دوران با قاعدگی سے بجلی فراہمی کیلئے مختلف انتظامات کئے ہیں اور اس سلسلے میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ شہر میں عیدالفطر کے ایام میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ نہیں کی جائے گی۔اسی طرح کوئٹہ شہر سے باہر تمام سٹی اور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز کو بھی عید کی تعطلیات کے دوران بجلی کی لوڈ شیڈنگ سے مستثنی قرار دے دیا گیا ہے البتہ صوبہ میں موجود تمام رورل فیڈروں کو پرانے شیڈول کے مطابق بجلی فراہم کی جائے گی۔

عیدالفطر کی تعطیلات کے دوران پاور ڈسٹری بیوشن سینٹر (پی ڈی سی) میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے جو تعطیلات کے دوران بجلی کی مسلسل فراہمی کو مانیٹر کرے گا اور کسی بھی جگہ بجلی منقطع ہونے یا فنی خرابی پیدا ہونے اور بجلی کی صورتحال سے متعلق بھی کیسکو چیف کو آگاہ کرتا رہے گا۔

عیدالفطر کے ایام میں کیسکو کے تمام آپریشن سرکلز، ڈویژن اور سب ڈویژن کی سطح پر بھی کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے جس میں سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایکسئنز اور ایس ڈی اوز آپریشنل عملہ کے ساتھ اپنے دفاتر میں موجود رہیں گے تاکہ کسی بھی علاقے میں پیدا ہونے والے تکنیکی فالٹ کی بروقت درستگی یا انفرادی شکایات کا ازالہ کم سے کم وقت میں کیا جا سکے۔کنٹرول روم تمام فیڈروں سے بجلی کی بندش، مانیٹرنگ کے علاوہ کسی بھی علاقے میں منقطع بجلی کی دوبارہ بحالی کیلئے متعلقہ سب ڈویژن کو فوری کارروائی کرنے کا پابند بنائے گا۔اس کے علاوہ آپریشن سرکل کی سطح پر بھی ایک فوکل پرسن نامزد کر دیا گیا ہے جو متعلقہ آپریشن سرکل کے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور مقامی نمائندوں کے ساتھ بھی رابطے میں رہے گا۔اسی طرح گرڈ سسٹم آپریشن (جی ایس او) کے افسران اور عملہ بھی عیدالفطر کی تعطیلات کے دوران گرڈ اسٹیشن میں اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں گے۔

عیدالفطر کی تعطیلات کے دوران بجلی بندش اور کسی بھی شکایت کیلئے تمام صارفین 118 پر براہ راست کال کر کے اپنی شکایات درج کروا سکتے ہیں۔اسکے علاوہ 8118 پر پیغام (SMS) کے زریعے بھی بجلی بل کا حوالہ نمبر کے ساتھ اپنی شکایات کا اندراج کر سکتے ہیں۔جس پر فوری کارروائی عمل میں لا کر مختصر وقت میں صارف کی شکایات کا ازالہ کیا جائے گا۔دریں اثناء عید کی تعطیلات کے دوران ڈیوٹی پر مامور تمام آپریشن سرکلز کے متعلقہ سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایکسئنز اور سب ڈویژنز کے افسران اور سٹاف کے نام اور فون نمبرز کیسکو ویب سائٹ www.qesco.com.pk پر بھی اپلوڈ کر دیا گیا ہے۔

# #